QUARTERLY
At-Turas
GHE-N-1(7)/90
JAMIA DARUL-ULOOM BALTISTAN GHOWARI

چشمِ بینا

چشم بینا سے جو دیکھو کارِ دنیا کچھ نہیں
ساحل طوفاں پہ مٹی کا گھروندا کچھ نہیں

زندگی چکی نما ہے پسنے میں ناغہ کہاں
پاٹ ماہ و سال جو پیسے وہ بچاتا کچھ نہیں

یہ جہانِ بے وفا ہے آج تیرا کل مرا
موت کے پیشِ نظر امروز و فردا کچھ نہیں

اہل تخت و اہل بخت و اہل زور و اہل زر
موت کے پنجے سے بچ رہنے کا یارا کچھ نہیں

قصہِ آدم کو چھوڑو بہرِ کنجشکِ چمن
بے خطر بیٹھیں جہاں ایسا ٹھکانہ کچھ نہیں

روز و شب زندانِ تن میں رہتی ہے مینائے روح
پیش صیادِ اجل تاب و سہارا کچھ نہیں

اس جہانِ رنگ و بو میں کھو نہ جانا دوستو!
یہ جہانِ رنگ و بو تو جز فسانہ کچھ نہیں

ان کو دے جامِ ہدایت جن کو ہو اس کی طلب
بے طلب تو ساقیا صہبا و مینا کچھ نہیں

جب اٹھے موجِ اجل بحرِ سکون زیست میں
ناخدا ، پتوار ، ساحل اور سفینہ کچھ نہیں

کس نگر اور ملک میں ہے موت سے بچنے کی ٹھو
زندگانی مٹ رہی ہے اس سے چھوٹا کچھ نہیں

اے سعید بے خبر کیا تونے یہ سوچا کبھی؟
زندگی بحرِ جہاں میں جز بتاشا کچھ نہیں

حافظ زاہد سعید